لگے ہیں، چنانچہ وزارت داخلہ کے نائب وزیر جناب محسن صاحب نے بھی پچھلے دنوں اپنے ایک بیان میں اردو کو اقلیت کی زبان کہا ہے، بے شبہ مسلمان ایک مذہبی اقلیت ہیں، کیونکہ مذہب میں ان کے ساتھ کوئی شریک نہیں ہے۔ لیکن وہ لسانی اقلیت کیسے ہو سکتے ہیں جب کہ اسی زبان میں ان کے ساتھ ان کے برادران وطن بھی شریک ہیں، صرف یہی ایک غلط تصور ہے جو اردو کی موجودہ مشکلات کا سبب بنا ہوا ہے، اس بنا پر اردو کا مسئلہ ایک اقلیتی مسئلہ ہرگز نہیں ہے۔ بلکہ خالص قومی اور جمہوری مسئلہ ہے اور اس کو اسی نظر سے دیکھنے اور اُس پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

# "بُرہان اور ندوۃ المصنفین خطرے میں"

افسوس اور پریشانی کے عالم میں یہ اعلان کیا جا رہا ہے کہ ان دنوں "ندوۃ المصنفین" اور اس کا ترجمان "بُرہان" دونوں بحران کا شکار ہیں۔ قارئین برہان اور ندوۃ المصنفین کے حلقے کے احباب جانتے ہیں کہ اپنی روش نہ الحاح وزاری کی ہے نہ شکوہ اور شکایت کی، ۱۹۴۷ء کی قیامت سر سے گذر گئی مگر ہم نے اُف نہیں کی حالانکہ ادارہ کی جان اس قیامت خیز بربادی کے بعد ہی نکل چکی تھی۔ "برہان" کا پہلا پرچہ جولائی ۱۹۳۸ء میں شائع ہوا تھا ۳۶ سال کی اس طویل مدت میں اس رسالہ پر ایسا کوئی وقت نہیں آیا کہ اس کی آمدنی اور مصارف کا توازن قائم نہ رہ سکا ہو۔ مگر یہ نقصان ادارہ کی مطبوعات کی فروخت سے پورا کیا جاتا رہا ۶۵ء سے پاکستان سے کاروبار بند ہوا تو ادارہ کی چولیں بھی ہل گئیں اور بڑی کشاکش سے یہ وقت گزرا۔ گذشتہ تین چار مہینوں سے مصارف ناقابل برداشت ہو گئے اور اسباب ظاہری کے اعتبار سے کوئی شکل ایسی باقی نہیں رہی کہ برہان کو جاری رکھا جا سکے، قیمت میں اضافہ کتنا کیا جائے؟ اور کہاں تک کیا جائے۔ عام طور پر قارئین رسالہ غیر مستطیع ہیں "برہان" جیسے علمی اور دینی رسالوں کا حلقۂ اشاعت محدود ہی ہوتا ہے۔ ادارہ کی حالت یہ ہے کہ تمام نکلنے والی کتابوں کا میل ٹوٹ گیا ہے اور سر دست ان کے شائع ہونے کی توقع بھی نہیں کی جا سکتی۔ ۳۹ء سے ادارہ کی یہ روایت رہی ہے کہ ہر سال اپنے معاونوں کو چار جدید کتابیں دیتا رہا ہے۔ اس سال اب تک جدید کتب کی طباعت کا کوئی انتظام نہیں ہو سکا ہے ادارہ کے پاس کبھی کوئی محفوظ سرمایہ نہیں رہا۔ جرأت رندانہ ہی سے کام چلتا تھا افسوس ہے اب یہ جرأت بھی جواب دے رہی ہے۔ کاغذ کی قیمت پہلے ہی کیا کم تھی کہ ان دو مہینوں میں دگنی ہو گئی۔ اس وقت جو کاغذ برہان میں لگایا جاتا ہے اس کی قیمت ۵۸ روپیے فی رم ہے، اسی نسبت سے کتابت، طباعت اور دوسرے مصارف میں اضافہ ہو گیا ہے ان حالات میں کیا کیا جائے! اندازہ یہ ہے کہ جنوری ۷۴ء سے برہان کی اشاعت ملتوی کرنی پڑے گی۔ اور جب ادارہ سے جدید کتابیں شائع نہیں ہوں گی تو معاونوں سے فیس کیسے وصول کی جائے گی۔ اسی لیے بحالات موجودہ نہ صرف برہان بلکہ ادارہ کا وجود بھی خطرے میں ہے یہ سطریں اسی لیے تحریر کی گئی ہیں کہ قارئین حالات کی نزاکت سے باخبر رہیں۔



© rasailojaraid.com